نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبہ پنجاب میں کپاس کی بحالی اور ترویج کیلئے کپاس کے پیداواری مقابلہ 2023-24 کا انعقاد۔

کاشتکاروں سے درخواستیں مطلوب

کپاس کے کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی کے لئے کروڑوں روپے کے نقد انعام دیئے جائیں گے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور 09 مئی **2023**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ صوبہ پنجاب میں کپاس کی بحالی اور ترویج کے لئے پیداواری مقابلہ 2023-24 کا انعقاد کیا جا رہا ہے ۔کپاس کے پیداواری مقابلہ میں صوبہ بھر میں زیادہ پیداوار حاصل کرنے والے کاشتکار کے لئے 15 لاکھ روپے، دوئم 12 لاکھ جبکہ سوئم پوزیشن لینے والے کاشتکار کو 10 لاکھ روپے انعام دیا جائے گا جبکہ ضلع کی سطح پر زیادہ پیداوار حاصل کرنے والے پہلا انعام لینے والے کاشتکاروں کے لئے 8 لاکھ، دوئم پوزیشن لینے والوں کو 6 لاکھ اور سوئم پوزیشن لینے 5 لاکھ روپے نقد انعام دیئے جائیں گے۔اس پیداواری مقابلہ کا مقصد کاشتکاروں کے مابین صحت مندانہ مسابقت کا جذبہ پیدا کرنا ہے۔اس مقابلہ کیلئے کم سے کم 5 ایکڑ تک کپاس کاشت کرنے والے مرد و خواتین کاشتکار درخواست دینے کے اہل ہوں گے۔مقابلہ میں حصہ لینے کے لیے شرائط درخواست فارم پر درج ہیں جو متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) اور زراعت آفیسر (توسیع) کے دفاتر سے مفت حاصل کیے جا سکتے ہیں ۔اس کے علاوہ درخواست فارم محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ **www.agripunjab.gov.pk** سے بھی ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔فارم کی فوٹو کاپی بھی قابل قبول ہوگی۔فارم پر پیداواری مقابلہ کیلئے شرائط درج ہیں۔پیداواری مقابلوں میں منتخب کردہ پلاٹوں کی جانچ پڑتال ڈویژنل کمیٹی کرے گی۔کاشتکار مکمل درخواستیں اپنی تحصیل کے متعلقہ اسسٹنٹ ڈائریکٹر زراعت (توسیع) کے دفاتر میں **31** جولائی **2023** تک جمع کروائیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ کاشتکار زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کپاس کاشت کریں۔مزید معلومات و رہنمائی کے لیے کاشتکار بروز سوموار تا جمعہ دفتری اوقات میں زرعی ہیلپ لائن **0800-17000** پر کال کر کے معلومات حاصل کر سکتے ہیں

☆☆☆☆